از دفتر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج میانوالی

دفتر جناب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج میانوالی میں درج ذیل آسامیاں (جن میں کمی بیشی ہوسکتی ہے) خالی ہیں جن پر تقرر کے لیے مندرجہ ذیل قابلیت کے حامل افراد سے درخواست ہائے مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	تعداد آسامی	آسامیاں کی تفصیل	ڈومیسائل	تعلیمی قابلیت	عمر مقررہ بتاریخ وصولی درخواست دفتر ہذا	تاریخ ٹیسٹ
1	سٹینوگرافر (BS-16)	18	اوپن میرٹ = 14 15% وومن کوٹہ = 03 5% اقلیتی کوٹہ = 01	پنجاب	کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے گریجوایشن معہ شارٹ ہینڈ سپیڈ 110 الفاظ فی منٹ، ٹائپنگ سپیڈ 50 الفاظ فی منٹ۔ کمپیوٹر جاننے والے کو ترجیح دی جائے گی۔	18 تا 25 سال	09.03.2021 بروز منگل 10 بجے دن تحریری اشارٹ ہینڈ و ٹائپ ٹیسٹ
2	کمپیوٹر آپریٹر (BS-15)	08	اوپن میرٹ = 07 15% وومن کوٹہ = 01	پنجاب	کسی بھی تسلیم شدہ ادارے سے گریجویٹ (بی اے+04 ماہ کمپیوٹر لیٹریسی کورس یا بی ایس سی کمپیوٹر سائنس (2nd ڈویژن) معہ کمپیوٹر ٹائپنگ سپیڈ 45 الفاظ فی منٹ، انسٹالیشن/ریپیئرنگ/آپریٹنگ سسٹم مکمل مائیکروسافٹ آفس متعلقہ فیلڈ کے بارے میں جاننے والے کو ترجیح دی جائے گی۔	20 تا 28 سال	11.03.2021 بروز جمعرات 10 بجے دن تحریری شارٹ لسٹنگ ٹیسٹ
3	جونیئر کلرک (BS-11)	20	اوپن میرٹ = 09 15% وومن کوٹہ = 03 20% ملازمین کوٹہ (BS-01 to 04) = 04 20% جنگان حاضر سروس و ریٹائرڈ ملازمین کوٹہ (BS-01 to 11) = 04	میانوالی	کسی بھی تسلیم شدہ ادارے سے انٹرمیڈیٹ سیکنڈ ڈویژن اور ٹائپنگ سپیڈ انگلش 25 الفاظ فی منٹ ہونا ضروری ہے۔ مائیکروسافٹ آفس اور اس کے متعلقہ تمام ایپلیکیشنز میں مہارت رکھتا ہو۔	18 تا 25 سال	16.03.2021 بروز منگل 10 بجے دن تحریری شارٹ لسٹنگ ٹیسٹ
4	کمپیوٹر ہارڈ ویئر ٹیکنیشن (BS-11)	01	اوپن میرٹ = 01	میانوالی	انٹرمیڈیٹ (ایف اے، ایف ایس سی، آئی سی ایس) معہ ایک سالہ کمپیوٹر ہارڈ ویئر کا کسی معتمد ادارے سے ڈپلومہ۔ کسی معتمد ادارے میں ایک سال کا متعلقہ کام میں تجربہ۔ (زیادہ تجربہ رکھنے والے کو ترجیح دی جائیگی)۔	18 تا 25 سال	11.03.2021 بروز جمعرات 10 بجے دن تحریری شارٹ لسٹنگ ٹیسٹ
5	نائب قاصد (BS-03)	09	اوپن میرٹ = 06 15% وومن کوٹہ = 01 20% جنگان حاضر سروس و ریٹائرڈ ملازمین کوٹہ (BS-01 to 11) = 02	میانوالی	مڈل پاس	18 تا 25 سال	17.03.2021 بروز بدھ 10 بجے دن تحریری ٹیسٹ و انٹرویو
6	مالی (BS-03)	05	اوپن میرٹ = 04 جنگان حاضر سروس و ریٹائرڈ ملازمین کوٹہ (BS-01 to 11) = 01	میانوالی	پڑھنا لکھنا جانتا ہو اور باغبانی میں مہارت رکھتا ہو	18 تا 25 سال	18.03.2021 بروز جمعرات 10 بجے دن انٹرویو
7	چوکیدار (BS-03)	02	اوپن میرٹ = 02	میانوالی	پڑھنا لکھنا جانتا ہو اور صحت مند ہو	25 تا 45 سال	18.03.2021 بروز جمعرات 10 بجے دن انٹرویو
8	خاکروب (BS-01)	05	اوپن میرٹ = 04 جنگان حاضر سروس و ریٹائرڈ ملازمین کوٹہ (BS-01 to 11) = 01	میانوالی	پڑھنا لکھنا جانتا ہو اور کام میں مہارت رکھتا ہو	18 تا 25 سال	18.03.2021 بروز جمعرات 10 بجے دن انٹرویو

﴿قواعد و ضوابط﴾

1۔ جملہ بھرتیاں تابع رکروٹمنٹ پالیسی 2004 ترمیم شدہ 2016 ہوگی۔

2۔ محکمہ بالائی حد میں رعایت برطابق نوٹیفکیشن SOR-III-I-1475, Dated 18.12.1977 اور SOR-I(S&GAD)9-36/81 Dated 21.05.2012 گورنمنٹ آف پنجاب دی جائے گی۔

3۔ درخواستیں صرف بذریعہ ڈاک وصول کی جائیں گی جو مورخہ 17.02.2021 تک دفتری اوقات میں دفتر ہذا میں موصول ہونا ضروری ہیں۔ تاخیر سے پہنچنے والی درخواستیں مسترد کردی جائیں گی۔ فیکس پر درخواست قابل پذیرائی نہ ہوگی۔

4۔ صرف مجوزہ فارم پر ہی درخواستیں قابل قبول ہوگی جو کہ ڈسٹرکٹ کورٹس میانوالی کی ویب سائٹ www.mianwali.dc.lhc.gov.pk ڈاؤن لوڈ کریں یا سہولت سنٹر سیشن کورٹس میانوالی سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

5۔ درخواست دہندہ اپنی درخواست میں واضح طور پر تحریر کرے کہ آیا اس کا کوئی رشتہ دار سول سیشن کورٹ، میانوالی میں ملازم ہے یا نہیں۔ اگر کسی امیدوار کا کوئی رشتہ دار اس سے قبل سول سیشن کورٹ، میانوالی میں ملازم ہو تو درخواست دہندہ اس ضمن میں بیان حلفی جس میں رشتہ دار کا نام اور عہدہ تحریر ہو بھی درخواست کے ہمراہ لف کریں۔

6۔ درخواست دہندگان درخواست کے ہمراہ 2 عدد حالیہ تصاویر تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ اور ڈومیسائل کی مصدقہ نقول لف کریں۔ انٹرویو کے دن اصل اسناد ہمراہ لائیں۔ مطلوبہ تعلیمی معیار پر پورا نہ اترنے والی اور نامکمل درخواستیں مسترد تصور ہوں گی۔

7۔ سرکاری و نیم سرکاری اداروں/محکموں سے درخواستیں دینے کے خواہشمند حضرات اپنے اداروں کے توسط سے معہ NOC درخواست ارسال کریں۔

8۔ اگر امیدوار مختلف سیٹوں/کوٹہ پر اپلائی کرنا چاہے تو الگ الگ درخواست دے گا۔

9۔ جملہ درخواست ہائے بنام ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج میانوالی مقررہ تاریخ تک صرف بذریعہ ڈاک ارسال کی جائیں اور لفافے کے دائیں کونے پر آسامی کا نام و نشاندہی خصوص کوٹہ (اگر ہو تو) واضح طور پر لکھیں۔

10۔ تمام آسامیوں کی درخواستیں شارٹ لسٹ کرنے کے بعد فائنل لسٹ مع تاریخ ٹیسٹ ڈسٹرکٹ جوڈیشری میانوالی کی ویب سائٹ www.mianwali.dc.lhc.gov پر upload کی جائیں گی۔

11۔ تحریری ٹیسٹ میں صرف ان امیدواروں کو بیٹھنے کی اجازت ہوگی جو مطلوبہ اہلیت پر پورے اترتے ہوں گے۔

12۔ صرف تحریری ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواران کمپیوٹر ٹیسٹ میں بیٹھنے کی اجازت ہوگی۔ ٹائپنگ ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواروں میں سے صرف شارٹ لسٹڈ امیدواران کو انٹرویو کیلئے بلایا جائے گا۔

13۔ Short Listed امیدواران کے انٹرویو کی تاریخ بھی ڈسٹرکٹ جوڈیشری میانوالی کی ویب سائٹ www.mianwali.dc.lhc.gov پر upload اور نوٹس بورڈ پر آویزاں کی جائیں گی

14۔ ٹیسٹ یا انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواران کو کسی قسم کا TA/DA نہ دیا جائے گا اور نہ ہی کوئی علیحدہ کال لیٹر ارسال کیا جائے گا۔

15۔ تمام درخواست دہندگان اپنا رابطہ نمبر لینڈ لائن/موبائل ضرور درخواست میں تحریر کریں۔

16۔ مجاز اتھارٹی کو شارٹ لسٹنگ کا اختیار ہوگا۔ جس کے لیے اتھارٹی ٹیسٹ (زبانی/تحریری) لے سکتی ہے یا اس کے لیے کوئی بھی دیگر طریقہ کار اختیار کرسکتی ہے۔ اور شارٹ لسٹڈ امیدواران کو انٹرویو کے لیے بلایا جائے گا۔

17۔ رکروٹمنٹ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ تمام یا جزوی نتائج کو رد کردے۔

نوٹ: تحریری امتحان کیلئے تمام امیدواران کا غذ، پنسل، کلپ بورڈ اور اصل شناختی کارڈ ہمراہ لائیں اور کسی بھی معلومات کیلئے ڈسٹرکٹ کورٹس ویب سائٹ پر وزٹ کریں۔

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، میانوالی

(IPL-1021)